حیسکو پریس رلیز مورخہ :10.01.2022

# حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں گاڑی کھاتہ، رضوی، ٹیاری اور شہداد پور-I، سب ڈویژنوں کے علاقوں میں کارروائیوں کے دوران نادہندگان کے 521 بجلی کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے گئے ہیں، بجلی چوروں کے 367 کنکشن منقطع کر کے 13 لاکھ 82 ہزار کی وصولی بھی کی گئی۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد( ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کی ہدایات پر حیسکو ریجن کے تمام علاقوں میں بڑے پیمانے پر بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں آپریشن سب ڈویژن گاڑی کھاتہ میں کارروائیاں کے دوران نادہندگان کے واجبات کی عدم ادائیگی پر 68 بجلی کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں، جن پر ایک کروڑ سے زائد کے واجبات تھے، اور بجلی چوروں کے 43 غیر قانونی کنڈہ کنکشن موقع پر منقطع کردیئے گئے، آپریشن سب ڈویژن رضوی ہسپتال کے لطیف آباد و گردونواح کے علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے واجبات کی عدم ادائیگی پر 185 نادہندگان کے بجلی کنکشن منقطع کیئے اور بجلی چوروں کے 54 غیر قانونی کنڈہ ہٹائے گئے اور تاریں ضبط کرلی گئی ہیں، ٹیاری سب ڈویژن میں کارروائیوں میں ناہندگان کے 78 بجلی کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردیئے، اور واجبات کی عدم ادائیگی پر 2 عدد گاؤں جس میں حاجانو ملاح اور ملک تھیبو و دیگر شامل ہیں کی بجلی ایک کروڑ 90 لاکھ 35 زائد ہونے پر منقطع کردی گئی ہے، 11 کے وی کے مین اسپین اتار لیئے گئے ہیں، مزید برآں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کارروائیاں بڑھاتے ہوئے شہداد پور سب ڈویژن-I، میں بجلی چوروں کے 75 کنڈے کاٹے کر نادہندگان کے بجلی کے بلوں کی چیکنگ کے دوران 79 زیادہ واجبات والے صارفین کے بجلی کنکشن منقطع کردیئے گئے ہیں جبکہ نادہندگان سے واجبات کی وصولی کی مد میں 13 لاکھ 82 ہزار کی وصولی بھی کی گئی ہے، اور بجلی چوروں کے خلاف مروجہ قانونی کارروائی کیلیئے متعلقہ تھانوں میں بجلی چوری کی ایف آئی آر درج کرانے کیلیئے لیٹر بھی جمع کرادیئے ہیں۔ واضح رہے کہ حیسکو چیف کی ہدایات ہیں کہ بجلی چوروں کے خلاف محکماجاتی کارروائی عمل میں لائی جائے، صارفین سے خوش اخلاقی سے بات کریں، کیونکہ حیسکو صارفین حیسکو کے محافظ ہیں ہمیں ان کی قدر کرنی چاہیئے، نادہندگان کے بجلی کے بلوں کی ادائیگی چیک کرتے ہوئے نادہندگان کو موقع پر ہی فوری بجلی کے بلوں کی اقساط بنا کے دی جائیں، واجبات کی عدم ادائیگی اور بجلی چوری کے خاتمے تک یہ کارروائیاں جاری رکھیں۔ آپ کے تعاون کا متمنی۔ حیسکو



حیدرآباد: حیسکو چیف نوراحمد سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے
علاقوں میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں